| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ح‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ح‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/ بناوٹ سے حرف ’ح‘ لکھ سکیں۔حرف ’ح‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’’حروف تہجی اُردو کے‘‘نظم سنائی جائے گی ۔اوراسے لے کر’چ‘ تک کا درست تلفظ،صوتی آواز اوراشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف ’ح‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف ’ح‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گی ۔بچوں کو اسلام وعلیکم کہہ کر’ح‘ کا تعارف کروائے گی ۔ میں حرف ’ح‘ ہوں۔دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔حرف ’ح‘ کی آدھی شکل’ ـ‘ کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔’ح‘ حروف تہجی کا دسواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی ۔ بچوں کو بتایا جائے کہ آج ہم حرف ’ح‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔’ح‘ کے ذخیرہ الفاظ حروف حوض،حاجی،حلوہ اور حجام فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’ح‘ پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف ’ح‘ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ’ح‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>جس میں حلوہ میں رنگ بھرنے اور حرف ’ح‘ کی آدھی اوراورشکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کتاب صفحہ 49 کھولنے کو کہا جائے گا۔’ح‘ پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے’ح‘ کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 49 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف ’ح‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ح' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/ بناوٹ سے حرف 'ح' لکھ سکیں۔ حرف 'ح' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو "حروف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ح' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو 'ح' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو مختلف حروف کے فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ مختلف حروف ہیں۔ ہم اُردو میں حروف پڑھتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف کی ابتدائی آواز 'ح' کی ہے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ وہ بتائیں کہ ان کے نام کا پہلا حرف کیا ہے؟ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے 'ح' کی پوری اور آدھی شکل بنوائیے۔ اس کی مشق دو سے تین بار کروائیے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو حرف 'ح' کے تین کٹ آؤٹس اور نقطوں کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ح' اور نقطوں کو میز پر رکھیں۔ اور ج، چ، ح کے نقطوں کو لگانے کی مشق کریں۔ بچوں کو کتاب صفحہ 50 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ دی گئی تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ 'ح' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کٹ آؤٹس اور نقطے<br>کتاب صفحہ 50 | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر 'ح' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ کتاب صفحہ 51 کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ح' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/ بناوٹ سے حرف 'ح' لکھ سکیں۔حرف 'ح' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ح' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔ | 5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ح' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حلوہ کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے کس کس کو حلوہ کھانا پسند ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حلوہ مختلف چیزوں کا بن سکتا ہے۔جیسا کہ سوجی کا حلوہ، دال کا حلوہ، کدو کا حلوہ۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حلوہ کی ابتدائی آواز 'ح' کی ہے۔بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ح' بنایے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔ | 10 منٹ | سادہ کاغذ<br>پلے ڈو<br>کتاب صفحہ 52 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ طلباء کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر پلے وڈ اور سادہ کاغذی ٹکڑے رکھ دیجیے طلباء پلے ڈو کی مدد سے حرف 'ح' کی پوری اور آدھی شکل بنانے کی مشق کریں گے۔بچوں کو کتاب صفحہ 52 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ح' کی پوری اور آدھی شکل کو درست بناوٹ سے لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔ | 20منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حاجی، حجاب اور حلوہ کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ح' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ح' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/ بناوٹ سے حرف 'ح' لکھ سکیں۔ حرف 'ح' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ح' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ اس کے تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ح' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ح' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے حشرات، حمام، حجام اور حلوائی کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ ان کے نام بتائے جائیں گے۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سادہ کاغذ اور رنگین پینٹ دے کر برش کی مدد سے کاغذ پر مختلف حروف ( ا تا ح ) لکھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کاپی پر حرف 'ح' اور اسکی آدھی شکل درست بناوٹ سے لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 30 منٹ | سادہ کاغذ رنگین،<br>پینٹ<br>کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حجام، حمام اور حلوائی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 2 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نواں ہفتہ | موضوع: | گنتی 1 تا 10 | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ میں گنتی پڑھ سکیں۔ اشیاء کو گن کر الفاظ میں ان کی گنتی بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ح' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھے جائیں گے<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم الفاظ میں گنتی سیکھیں گے۔ بچوں کو بتائیے کہ Counting کو اُردو میں گنتی کہتے ہیں۔ فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے ایک تا دس گنتی تصاویر کے ساتھ دکھائی جائے گی۔ گنتی کو توڑ کر کے پڑھائیے جیسا کہ ا، یہ، ک۔ ایک، دو۔ دو، ت، یہ، ن۔ تین ہر لفظی گنتی کی دہرائی دو سے تین بار کروائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دائرے کی شکل میں بٹھائیے۔ لفظی گنتی ایک تا دس کے فلیش کارڈ زمین پر ترتیب سے رکھ دیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر گنتی پڑھیں ایک، دو، تین، چار، پانچ، چھ، سات، آٹھ، نو، دس اب بچوں کو آنکھوں پر ہاتھ رکھنے کو کہیے۔ کوئی سا ایک لفظ چھپا دیجیے۔ اب بچوں کو دوبارہ گنتی پڑھنے کو کہیے کیا کوئی بچہ جان سکا ہے کہ کوئی ایک لفظ کا فلیش کارڈ نہیں ہے؟ ہر دفعہ کوئی اور لفظی گنتی کا فلیش کارڈ چھپائیں اور مشق کروائیے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 101,102 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ایک تا دس الفاظ میں گنتی کروائی جائے گی۔ تصاویر کو بھی گنا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>الفاظ میں گنتی کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ کیجیے۔ کاپی میں حرف ح اور اس کی آدھی شکل لکھیں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ | الفاظ گنتی فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 101،102 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا اُردو الفاظ میں گنتی کی نشاندہی کرنے پر |